نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی چنے کے کاشتکاروں کو منظور شدہ اقسام کا بیج کاشت کرنے کی ہدایت

حکومت پنجاب کی جانب سے چنے کے تصدیق شدہ بیج پر 2 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی دی جا رہی ہے

لاہور 18 اکتوبر 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ چنا ربیع کی ایک اہم پھلی دار فصل ہے۔ پنجاب میں تقریباً 22 لاکھ ایکڑ رقبے پر چنے کی کاشت کی جاتی ہے جو ہمارے ملک میں چنے کے کل رقبے کا تقریباً 80 فیصد ہے۔ پنجاب میں چنے کا تقریباً 92 فیصد رقبہ بارانی علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے جس میں زیادہ تر تھل بشمول بھکر، خوشاب، لیہ، میانوالی اور جھنگ کے اضلاع شامل ہیں۔ ان اضلاع کے بارانی علاقوں کے کاشتکاروں کی معیشت کا انحصار زیادہ تر اسی فصل پر ہے۔ چنا غذائیت کے اعتبار سے بھی ایک اہم جنس اور گوشت کا نعم البدل ہے۔ چنا ریتلی، میرا اور اوسط درجہ کی زرخیز زمین میں کاشت کریں۔ کلراٹھی اور سیم زدہ زمین چنے کی کاشت کے لئے موزوں نہیں ہے۔ کاشتکار چنے کی بہتر پیداوار کے لئے **دیسی چنے کی ترقی دادہ اقسام** سٹار چنا، بٹل 2021 تھل 2020، بٹل 2016، نیاب سی ایچ 104، نیاب سی ایچ 2016، بھکر 2011، پنجاب 2008، بلکسر 2000 اور **کابلی چنے کی ترقی دادہ اقسام** روہی چنا 2021، نور 2019، ثمن 2013، نور 2009 اور سی ایم 2008 کا صحتمند بیج استعمال کریں۔ چنے کی کاشت سے پہلے بیج کی سفارش کردہ سرائیت پذیر زہر اور جراثیمی ٹیکہ ضرور لگائیں۔ چنے کی کاشت اٹک اور چکوال کے اضلاع میں جلد از جلد مکمل کرلیں جبکہ جہلم، راولپنڈی، گجرات اور نارووال میں 10 نومبر تک اور تھل کے بارانی علاقوں میں 31 اکتوبر اور آبپاش علاقوں میں 20 اکتوبر سے 15 نومبر تک مکمل کرلیں۔ صوبہ پنجاب کے دیگر آبپاش علاقوں میں 20 اکتوبر تا 15 نومبر مکمل کرلیں۔ زیادہ زرخیز اور ستمبر کاشتہ کماد میں 10 نومبر تک چنے کی کاشت مکمل کرلیں۔ چنے کی کاشت بذریعہ ڈرل یا پور مکمل کریں تاکہ بیج کی روئیدگی اچھی ہو سکے۔ اس کے علاوہ قطاروں کا درمیانی فاصلہ 30 سینٹی میٹر جبکہ میرا اور زیادہ بارشوں والے علاقہ میں قطاروں کا درمیانی فاصلہ 45 سینٹی میٹر (ڈیڑھ فٹ) اور پودوں کا درمیانی فاصلہ 15 سینٹی میٹر (6 انچ) ہونا چاہیے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے چنے کے تصدیق شدہ بیج پر 2 ہزار روپے سبسڈی بھی مہیا کی جا رہی ہے تاکہ چنے کی کاشت کو فروغ دیا جا سکے۔

☆☆☆☆